پیغامات و دعوات

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب مدظلہ مفتی اعظم پاکستان کراچی

آپ کے ماہنامہ "الحق" کی بشارت سے بے انتہا خوشی ہوئی کیونکہ وقت کی ضرورت ہے اسطرح اگر اپنی جماعت کے چند ماہنامے ہی ہو جادیں تو کچھ تو آواز ملک میں پہنچے گی۔ اس کے لئے انشاء اللہ تعالیٰ اپنے ناچیز مضامین کا کوئی حصہ بھیجنے کا انشاء اللہ تعالیٰ انتظام کر دں گا۔ الخ

حضرت مولانا ظفر احمد صاحب عثمانی مدظلہ شیخ الحدیث ٹنڈو الہ یار (سندھ)

ماہنامہ "الحق" کے ارادۂ اشاعت سے بے انتہا مسرت ہوئی بیں آجکل کراچی آیا ہوا ہوں۔ الحاد و تحریف اور تجدّد کے خلاف علماء کو متحدہ مساعی سے مقابلہ کرنے کے لئے یہاں "مجلس دعوت و اصلاح" کا افتتاح ہو رہا ہے۔ انشاء اللہ اس مجلس کی طرف سے جو ضروری مضامین شائع ہوں گے وہ آپ کے رسالہ کو بھیج دئے جائیں گے۔

مولانا محمد اشرف ایم۔ اے شعبۂ عربی اسلامیہ کالج پشاور

آپ حضرات کا "الحق" کے نام سے مجلّہ نکالنے کا ارادہ مبارک و قابل صد ستائش ہے ضرورت ہے کہ باطل کے مقابلہ میں اہل حق اپنی حق کی آواز کو پوری ہمت و حکمت، دلآویزی و دلنشینی کے ساتھ پیش کرتے رہیں ـــــ فقیر اپنی گوناگوں مصروفیات اور کوتاہیوں و نابکاریوں کے باوجود خدمت سے انشاء اللہ گریز نہیں کرے گا۔ دعا فرمادیں کہ اللہ تعالیٰ اپنی خصوصی توفیقات سے قلم کو حق کے لئے پیہم رواں دواں فرمادے۔ اور اسے اپنے قرب و رضا اور دین کے احیاء کا ذریعہ بنادے۔ آمین۔